© rasailojaraid.com



کی کتاب الاسلام وجہ تحریک بنی۔ کاسٹری نے جو بے سروپا اور گندی اور ناقابل تصور باتیں اسلام کے متعلق لکھی ہیں وہ دنیائے عرب میں اسلام کے خلاف اندھے تعصبات پھیلانے کی مہم کا ایک اہم پارٹ ہیں۔ چنانچہ پروفیسر شیخ عبدالعزیز مصری نے کاسٹری اور دوسرے جاہل اور متعصب مستشرقین کی افترا پردازیوں کو سامنے رکھ کر ایک کتاب "الاسلام دین الفطرۃ" کے عنوان سے لکھی ہے جس میں اسلام کے اصلی خدوخال کو پیش کیا ہے یہ کتاب ۱۹۰۵ء میں الجزائر میں ہونے والی مستشرقین کی کانفرنس میں پیش کی گئی اور بعد میں لندن سے اس کا انگریزی ترجمہ بھی شائع ہوا۔ ابو تمکین افتخار احمد صاحب نے اردو میں اس کا آزاد ترجمہ کیا ہے۔ طباعتی معیار ذرا پست محسوس ہوا۔

روح قرآن اور سائنس | از جناب مہر علی قریشی صاحب بی اے۔ شائع کردہ: گوشۂ ادب، چوک انارکلی، لاہور۔ قیمت مجلد مع رنگین گرد پوش ۸/۱۲

مؤلف کا موضوع دلچسپی عالم روحانیت ہے۔ آپ نے اس کتاب میں سائنس کی تحقیقات کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ روح کیا چیز ہے، روحوں کا عالم کس نوعیت کا ہے، روح جسم میں آتی کیسے ہے اور نکلتی کیونکر ہے، روحوں سے باتیں کس طرح کی جا سکتی ہیں، روحیں کس طرح زندہ عزیزوں سے دلچسپی لیتی ہیں اور روحانئین کیوں ارواح سے قریبی علاقہ رکھتے ہیں۔ ہماری رائے یہ ہے کہ مؤلف نے اپنے روحانی حقائق کو ثابت کرنے کے لئے قرآن سے استدلال کرنے میں اور سائنس سے توجیہات پیش کرنے میں اچھا خاصا مضحکہ انگیز طریقہ اختیار کیا ہے۔ یہ کتاب نہ دین کا علم رکھنے والوں کو اپیل کر سکتی ہے، نہ سائنس کا علم رکھنے والوں کو، البتہ وہ روحانیت پرست جو نہ دین کو جانتے ہوں نہ سائنس کو، اسے بڑا کارنامہ سمجھ سکتے ہیں۔ طباعتی حسن کا معیار بہت ارفع و اعلیٰ ہے۔

کتاب کا یہ کلمۂ افتتاح نہ جانے کو نسے دینی یا سائنٹفک ماخذ سے لیا گیا ہے کہ "کتب بینی سب سے بڑی عبادت ہے اور۔۔۔۔"

علم و عرفان | تالیف: شہزادہ اسد الرحمٰن قدسی۔ شائع کردہ، گوشۂ ادب، چوک انارکلی، لاہور۔ قیمت



© rasailojaraid.com